1101 ـ كتا كھانے والے كو كتا ہديہ كرنا

سوال

ايك مسلمان شخص نے چوكيداری كے ليےكتا پالا اور جب اس سے چھٹكارا حاصل كرنا چاہا تو اس نے كتا كھانے والے شخص كو دے ديا، كيا ايسا كرنا صحيح ہے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

نہ تو كتے كھانا جائز ہيں، اور نہ ہی كسی دوسرے شخص كو كھانے كے ليے كتا دينا جائز ہے، كيونكہ اس كا كھانا حرام ہے، اور حرام كھانے ميں معاونت كرنا بھی حرام ہے.

رسول كريم صلی اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے:

" ہر كچلی والا جانور حرام ہے "

اسے امام مسلم رحمہ اللہ نے ابو ہريرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روايت كيا ہے.

اور ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالی عنہ كی حديث ميں ہے كہ:

" رسول كريم صلی اللہ عليہ وسلم نے ہر كچلی والا جانور كھانے سے منع فرمايا "

متفق عليہ.

اور كتا اپنی كچلی (نوكيلے دانتوں سے) چير پھاڑ كرنے والا وحشی جانور ہے، اس ليے آپ كو اس فعل پر اللہ تعالی كے ہاں توبہ و استغفار كرنی چاہيے، اللہ سبحانہ و تعالی بخشنے والا اور رحم كرنے والا ہے.

واللہ اعلم .